Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 12 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۲؍جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **ریاست میں موسم خریف کی منصوبہ بندی کریں ، وزیر اعلیٰ کی انتظامیہ کو ہدایت**

☆ **اعلیٰ تعلیمی اِداروں میں تعلیمی سال کے دوران 2 ؍مرتبہ داخلہ دینے کو یو جی سی کی منظوری**

☆ **بزرگ موسیقار پیارے لال شرما کو پدم بھوشن اعزاز سے نوازا گیا**

اور

☆ **مراٹھواڑ میں موسلا دھار بارش ، لاتور ضلعے میں ندی کنارے آباد دیہاتوں کو خطرے کا اشارہ**

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست میں اِس سال اچھی بارش کے امکانات کے پیش نظر کاشتکاروں کو بیج اور کھاد کی خاطرخواہ فراہمی کرنے کے لیے منصوبہ بندی کریں۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے انتظامیہ کو یہ ہدایت دی ہے۔ وہ کل ممبئی میں موسم خریف سے قبل کی جائزہ میٹنگ میں اظہار خیال کررہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ بیجوں کی ذخیرہ اندوزی یا ناقص بیجوں کے فروخت پر روک لگانے کے لیے شعبہ زراعت کارروائی کریں۔ انھوں نے کہا کہ جن علاقوں میں پانی کی قلت ہے وہاں ٹینکروں کے ذریعے پانی پہنچایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ چاراہ چھاؤنیاں قائم کرنے کو بھی ضلع انتظامیہ ترجیح دیں۔ ساتھ ہی مصیبت کے وقت تمام شعبہ جات کو مل جل کر کام کرنے کی ہدایت بھی وزیر اعلیٰ نے اِس موقعے پر دی۔

اِسی دوران سینٹرل ایگری کلچر ویلیو کمیشن کی کل ممبئی میں منعقدہ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ نے خطاب کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے پیاز کی برآمد ‘ سویابین اور کپاس کی کم از کم ضمانتی قیمت پر توجہ دینے نیز تیل کی درآمد میں کمی لاکر ملک میں ہی تیل کی پیداوار میں اضافہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے کی قیادت میں ایک وفد نے کل گورنر رمیش بئیس سے ملاقات کی ۔ اِس دوران انھوں نے ریاست کے متعدد مسائل پر تبادلہ خیال کیا ۔ پٹولے نے عظیم اتحاد کی حکومت پر بدعنوانی کا الزام لگاتے ہوئے ریاست میں صدر راج نافذ کرنے کا بھی مطالبہ کیا ۔

***** ***** *****

جعلی کاغذات کی بناء پر ممبئی لوک سبھا حلقہ انتخاب میں رائے دہی کرنے والے 4/ بانگلہ دیشی باشندوں کو دہشت گردی مخالف دستے نے گرفتار کرلیا ہے۔ موصولہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ اِن چاروں کے خلاف فردِ جرم درج کرلیا گیا ہے اور اُنھیں جعلی کاغذات دلانے والے افراد کی تلاش جاری ہے۔

***** ***** *****

یونیورسٹی گرانسٹس کمیشن نے اعلیٰ تعلیمی اِداروں میں تعلیمی سال کے دوران 2/ مرتبہ داخلہ دینے کی اجازت دیدی ہے۔ اگلے تعلیمی سال سے اِس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ امتحان کے نتائج میں تاخیر ہونے اور ذاتی وجوہات کے باعث پہلے سیشن میں داخلہ نہ لے پانے والے طلباء کو اِس کا فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

میڈیکل کورسیس میں داخلے کے لیے لازمی NEET امتحان کا عمل منسوخ کرنے کے مطالبے پر مبنی درخواست عدالتِ عالیہ میں داخل کی گئی ہے ۔ جس کے بعد عدالت کی ویکیشن بینچ نے قومی جانچ ایجنسی این ٹی اے کو نوٹس جاری کی ہے ۔ معاملے کی اگلی سماعت آئندہ 8/ جولائی کو کی جائے گی ۔

***** ***** *****

بزرگ موسیقار پیارے لال رام پرساد شرما کو کل پدم بھوشن انعام سے سرفراز کیا گیا۔ ریاست کے چیف سیکریٹری ڈاکٹر نتن کریر اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری منیشا پاٹن کر مہیئے سے کرنے کل باندرہ میں واقع پیارے لال کی رہائش گاہ پہنچ کر انھیں پدم بھوشن اعزاز عطا کیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑے کے کئی محصول حلقوں میں سوموار کے روز موسلا دھار بارش کا انداج ہوا۔

لاتور ضلعے کے 10/ میں سے 6/ تعلقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی۔ اِن میں لاتور، اوسا، نلنگا، چاکور، ریناپور اور شیرور اننت پال کا شمار ہے۔ ضلعے میں ایک ہی دن میں 63/ اعشاریہ 7/ ملی میٹر بارش ہوئی۔ جس کی وجہ سے گھرنی ندی پر تعمیر متبادل پُل بہہ گیا۔ شیرور اننت پال سے اُدگیر جانے والی قومی شاہراہ پوری طرح بند ہوگئی ہے۔ انتظامیہ نے گھرنی ندی کے کنارے آباد دیہاتوں کو چوکنا رہنے کا اشارہ دیا ہے۔ ضلعے سے گزرنے والی رینا ندی کی سطح آب میں اضافہ ہوگیا ہے۔ جس کے سبب ریناپور، جوڑ گاؤں اور کھروڑا پشتے پوری طرح بھر گئے ہیں۔ ریناپور ندی کنارے آباد دیہاوں میں بھی سیلاب کی سی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ لہذا رینا ندی کے کنارے آباد دیہاوں کو بھی ہوشیار رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے 8/ محصول حلقوں میں گزشتہ 24/ گھنٹوں کے دوران موسلا دھار بارش ہوئی۔ اِس بارش کے سبب ضلعے کی تیرنا ندی سمیت دیگر ندیاں بھی رواں ہوگئی ہیں۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس بارش کی وجہ سے دھادراشیو ضلعے کے پینے کے پانی کا مسئلہ کسی حد تک کم ہوگیا ہے۔ اِس بارش کے بعد دھاراشیو کے کاشتکاروں نے موسم خریف کی تخم ریزی شروع کردی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے 4/محصول حلقوں میں کل موسلا دھار بارش ہوئی۔ اِن میں گھاٹ نا ندور محصول ڈویژن میں 66/ملی میٹر امباجوگائی میں 71/ملی میٹر ‘ پرلی ویدیہ ناتھ تعلقے کے دھرما پوری میں 81/ملی میٹر اور دھارور تعلقے کے موہ کھیڈ محصول حلقے میں کل 91/ملی میٹر بارش کا اندراج ہوا۔ اِسی دوران جنوب مغربی مانسون پورے مراٹھواڑے میں سرگرم ہو چکا ہے۔ محکمہ موسمیات کی اطلاع کے مطابق آج اور کل مراٹھواڑے میں طوفانی ہواؤں اور بجلی کی گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی امید ہے۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا 64/واں جلسہ تقسیم اسناد کل منعقد کیا جا رہا ہے۔ یہ تقریب یونیورسٹی کے ڈرامہ ہال میں منعقد کی جائے گی۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر پرشانت امرتکر نے کل صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ یہ تقسیم اسناد کی یہ تقریب صبح 11/ بجے شروع کی جائے گی۔ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر بھی اِس تقریب کو براہ راست نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

اشیاء و خدمات ٹیکس کے ریاستی شعبے کی جانب سے اضلاع میں حلقوں کی تشکیل نو کے باعث دھاراشیو ضلعے کے تاجروں اور صنعت کاروں کو دشواریاں پیش آئیں گی۔ لہٰذا تاجروں کی ضلعی تنظیم کی جانب سے اِس ضلعے کو دوبارہ شولا پور کے علاقائی دفتر سے جوڑنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ تنظیم نے اِس خصوص میں کل ایک مطالباتی محضر بھی متعلقہ دفتر کو پیش کیا۔

***** ***** *****

جنوبی کوریا اور ممبئی کے کچھ برآمد کنندگان نے کل جالنہ ضلعے کے بدنا پور میں واقع موسمبی مرکز کا دورہ کیا۔ اِس موقعے پر مرکز کے نگراں ڈاکٹر سنجئے پاٹل نے انھیں موسمبی سے متعلق تفصیلی معلومات دی۔ خیال رہے کہ موسمبی کے لیے جالنہ ضلعے کو جغرافیائی اختیاص حاصل ہے۔

***** ***** *****

T-20 / کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ امریکہ سے ہوگا۔ یہ مقابلہ نیو یارک میں کھیلا جائے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ مقابلہ رات 8 / بجے شروع ہوگا۔ خیال رہے کہ درجہ بندی میں بھارت پہلے اور امریکہ دوسرے مقام پر ہے۔

اِس ٹورنامنٹ میں کل پاکستان نے کینیڈا کو 7 / وکٹ سے شکست دی تھی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر شہر کے آکاشوانی چوک میں کل گیس سلینڈروں سے بھرے ایک ٹرک نے راستہ عبور کر رہی ایک خاتون کو ٹکر ماردی۔ جس کی وجہ سے موقعے پر ہی اُن کی موت واقع ہوگئی۔ یہ حادثہ کل رات پیش آیا۔ حادثے میں مہلوک خاتون کے شوہر شدید زخمی ہوئے ہیں۔ پولس نے مذکورہ ٹرک اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کل تخم ریزی کا جائزہ کیا۔ ساتھ ہی انھوں نے بیج ‘ کھاد اور ادویات کی دکانوں پر جاکر جانچ پڑتال کی۔ اِس دوران انھوں نے سندھی کاڑے گاؤں کے کاشتکار وشنو پنت گیراپ کے کھیت پہنچ کر کاشتکاروں سے تبادلہ خیال کیا۔ ساتھ ہی سویابین کی تخم ریزی میں بھی حصہ لیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے شعبہ زراعت کو ضروری ہدایات دیں۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے سے تعلق رکھنے والی اقلیتی طبقے کی وہ طالبات جو اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہی ہیں اُن کے لیے گنگا کھیڈ اور سیلو کے ہاسٹیلس میں داخلوں کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔ جاری تعلیمی سال کے لیے گنگا کھیڈ کے ہاسٹیل میں داخلے کے لیے آئندہ 24 / تاریخ تک اور سیلو کے ہاسٹیل میں داخلے کے لیے آئندہ 15 / جولائی تک درخواست دی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ ریاست میں موسم خریف کی منصوبہ بندی کریں ، وزیر اعلیٰ کی انتظامیہ کو ہدایت

☆ اعلیٰ تعلیمی اِداروں میں تعلیمی سال کے دوران 2 ؍مرتبہ داخلہ دینے کو یو جی سی کی منظوری

☆ بزرگ موسیقار پیارے لال شرما کو پدم بھوشن اعزاز سے نوازا گیا

اور

مراٹھواڑ میں موسلا دھار بارش ، لاتور ضلعے میں ندی کنارے آباد دیہاتوں کو خطرے کا اشارہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆